Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

12 اگست 2014

برائے رابطہ: برائن آسمس، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی حکومت کی جانب سے سندھ میں اسکولوں کیلیے کمپیوٹر اور سائنس لیباریٹریوں کا قیام

کراچی۔امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID)، محکمہ تعلیم سندھ اور 'روٹری انٹرنیشنل پاکستان (سندھ اور بلوچستان)' کے نمائندوں نے سندھ میں اسکولوں کیلیے کمپیوٹر اور سائنس لیباریٹریوں کے قیام کی یاداشت پر دستخط کیے۔ دستخط کی تقریب میں کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین، USAID کے قائم مقام صوبائی ڈائریکٹر رینڈی ہاٹ فیلڈ، صوبائی سیکریٹری تعلیم فضل اللہ بیچو ہو اور دیگر اعلی حکام نے شرکت کی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کا کہنا تھا کہ 'آج ہونے والا معاہدہ سندھ میں بچوں کو معیاری تعلیم کی سہولت فراہم کرنے میں انتہائی مددگار ثابت ہو گا۔ یہ منصوبہ امریکہ اور پاکستان کے درمیان جاری باہمی تعاون کی بہترین مثال ہے۔'

منصوبے کے پہلے مرحلے میں 'روٹری انٹرنیشنل پاکستان' سندھ اور بلوچستان میں USAID کی جانب سے تعمیر کیے گئے 15 اسکولوں میں کمپیوٹر اور سائنس لیباریٹریاں قائم کرے گا۔ ان اسکولوں میں موجود لائبریریوں کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ تعلیمی سرگرمیوں کو بھی فروغ دیا جائے گا۔

USAID سندھ بیسک ایجوکیشن پروگرام (SBEP) کے ذریعے حکومت سندھ کو تعلیم کے شعبے میں معاونت فراہم کر رہا ہے جس کے تحت صوبے کے سات ضلعوں میں 120 بڑے اسکول تعمیر کیے جا رہے ہیں۔

####